ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

سندھ پولیس کے غازی اہلکاروں میں خصوصی موٹر سائیکلیں تقسیم کی گئیں۔

کراچی 12 نومبر 2019ء:۔

سینٹرل پولیس آفس میں منعقدہ ایک سادہ مگر پروقار تقریب میں آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام سمیت دیگر کی شرکت۔ چار خصوصی موٹر سائیکلیں دوران فرائض پولیس مقابلوں اور ٹریفک حادثات میں مستقل معذور ہونیوالے غازی پولیس اہلکاروں میں تقسیم کی گئیں۔ ان اہلکاروں میں گھوٹکی کے دو جبکہ جامشورو اور ایس آر پی حیدرآباد کا ایک ایک اہلکار شامل ہے۔

تقریب تقسیم موٹر سائیکلز میں سابقہ آئی جی سعود احمد کے علاوہ ایڈیشنل آئی جیز، سی ٹی ڈی، ٹی اینڈ ای، کراچی، ڈی آئی جیز ہیڈ کوارٹرز سندھ، فائنانس، ایکزیکٹیو ڈائریکٹر جناح اسپتال ڈاکٹر سیمی جمالی، سی پی ایل سی چیف، اے آئی جی ویلفیئر سندھ، زید بشیر و ڈاکٹر جنید علی شاہ بھی موجود تھے۔

اس سے قبل غازی پولیس اہلکاروں میں چھ خصوصی موٹر سائیکلز تقسیم کی گئی تھیں۔ جن میں پولیس مقابلوں کے دوران معذور ہونیوالے پانچ اور ٹریفک حادثے میں زخمی ہونیوالا ایک اہلکار شامل ہے۔ مذکورہ چھ اہلکاروں میں لیاری، شہید بینظیر آباد، جامشورو اور ایس آر پی بیس ٹو کے بالترتیب ایک ایک جبکہ جیکب آباد کے دو اہلکار شامل تھے۔

:۔:۔:۔